بدترین پریشانیوں کیلئے

لاجواب وظائف

تحقیق و تالیف:

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

نام کتاب: بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف

مؤلف: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن 78/3 قرطبہ چوک نزد
گوگا نیلام گھر سابقہ یونائیٹڈ بیکری عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور

قیمت: 160 روپے

Website:www.ubqari.org

042-37552384

فہرست مضامین

حال دل

پریشانیاں نڈھال کر دیں یا مایوس کر دیں لیکن ایسے لوگ ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں جو اللہ تعالی کی چوکھٹ کو کبھی نہیں چھوڑتے۔
یہ کتاب چوکھٹ الہی کو چھونے، پانے اور پھر لینے کا بہترین وسیلہ ہے۔
میں یقین سے کہتا ہوں کہ یہ کتاب آپ کی تمام پریشانیوں میں ممدومعاون ثابت ہوگی اور آپ خوشحال زندگی گزار کر یقیناً خوش ہوں گے۔
آیئے اس کتاب کے اوراق الٹئے اور اس کتاب کو پڑھ کر ہم اپنے مسائل اللہ تعالی سے حل کرائیں۔

خواستگار اخلاص وعمل
بندہ حکیم محمد طارق محمود عبقری مجذوبی چغتائی

نوٹ: زیرنظر وظائف وعملیات مختلف تجربہ کار اور صاحب کمال بزرگوں سے حاصل کئے گئے ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ کوئی شرکیہ چیز نہ ہو صرف مستند چیزیں ہوں نیز کسی کو تکلیف دینے اور ایذاء پہنچانے کے لئے اگر عمل کیا گیا تو نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

برائے سہولت نکاح

بعد نماز عشاء ''یَا لَطِیْفُ. یَاوَدُوْدُ'' گیارہ سو گیارہ بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار، چالیس دن متواتر ناغہ نہ کرے۔ اگر ایک یا دو دن ناغہ ہو جائے تو اتنے ہی دن مزید کرے اور تین دن تک متواتر ناغہ ہو جائے تو عمل کو دوبارہ شروع کرے اور بلا ناغہ چالیس دن پورے کرے۔ مطلوبہ کا تصور کر کے پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصود جلد حاصل ہو جائے گا۔ اگر چالیس دن سے پہلے مقصود حاصل ہو جائے تب بھی نہ چھوڑے اور چالیس دن پورے کرے۔

اغوا شدہ لڑکی کی بازیابی کیلئے

کوئی بچہ یا لڑکی اغوا ہو گئے ہوں یا گم ہو گئے ہیں یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ لڑکی یا لڑکا یا کوئی بھی شے واپس آ جائے گی۔ عمل یہ ہے۔ یَــا حَفِیْظُ ایک سوانیس ۱۱۹ مرتبہ پھر یہ آیت بھی ایک سوانیس ۱۱۹ مرتبہ پڑھے۔ یٰـبُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ۔

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوک سے روتا ہو تو پسے ہوئے نمک پر یہ آیتیں باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَۃَ (پارہ ۲ ع ۱۴)

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِمَّا فِیْ بُطُوْنِھَا مِنْ م بَیْنِ فَرْثٍ وَّ دَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ (پارہ ۱۴ ع ۱۴)

ہر قسم کی وبا سے حفاظت

وباء کے موسم میں آیت الکرسی اکتالیس ۴۱ مرتبہ جس جگہ چاہے حصار کر دے اس طرح کہ جس جگہ سے شروع کرے وہیں پر ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وباء کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کیلئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کیلئے ہر روز صبح کو سورۃ فتح (پارہ ۲۶) اور سورہ طور (پارہ ۲۷) ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

سورۃ فاتحہ (شروع سے لے کر آخر تک) بچھو کے کاٹے ہوئے کیلئے کسی پاک لکڑی سے جھاڑے اور سورہ فاتحہ بھی پڑھتا رہے۔ اس طرح کہ ایک مرتبہ پڑھے پھر ہاتھ ہٹوا کر دریافت کرے پھر درد کے مقام کو پکڑ، اگر الحمد شریف پڑھے اسی طرح پڑھتا جائے انشاء اللہ بچھو کا درد ختم ہو جائے گا۔

لڑکیوں کے رشتے ہر قسم کے امراض سے نجات اور پریشانیوں سے چھٹکارے کیلئے

ہر قسم کے امراض سے نجات اور پریشانی سے چھٹکارے کیلئے اول و آخر درود شریف (نماز والا درود بہتر ہے) گیارہ بار درمیان میں سورہ فاتحہ پینتالیس ۴۵ بار صبح سورج نکلنے سے پہلے پڑھے اور رات کو سونے سے پہلے یا فَتَّاحُ یا رَزَّاقُ کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

برائے دفع نحوست وحصول ملازمت

گھر سے بے برکتی اور نحوست دور کرنے کیلئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو ہر روز (۴۵۰) بار پڑھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سوتے وقت سورہ واقعہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے ملازمت

ملازمت کے حصول کیلئے سورہ بنی اسرائیل کی آخری آیت وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ

تکبیراً. (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ یہ مطلب پورا ہونے تک جاری رکھیں۔ پڑھنے کا ایک وقت خود ہی مقرر کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائے گا۔

رات کو تہجد کیلئے بیدار ہونے کا اکسیری عمل

بار ہا کا مجرب ہے۔ بزرگان دین نے جس کی تائید میں متعدد ارشادات فرمائے اس عمل سے جب چاہو بیدار ہو جاؤ۔ سورہ کہف کی آخری آیتیں اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا سے لے کر وَلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا۔ تک پڑھ کر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے کہ یا اللہ اپنی کرم نوازی سے مجھے اتنے بجگر اتنے منٹ پر بیدار کر دے۔ خدا کے فضل سے جاگ جائے گا لیکن پھر آدمی کا نصیب کہ تہجد پڑھنے کی توفیق ملے یا نہ ملے۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کیلئے عمل

نماز عشاء کے بعد یَا لَطِیْفُ (گیارہ سو گیارہ) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔ گیارہ روز یہ عمل کرے۔ باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا۔ دس مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف دس بار انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

سرور کائنات فخر موجودات حضرت محمد ﷺ کی زیارت کا عمل

حضرت مولانا قریشی صاحبؒ نے ایک مرتبہ عمل کیا اور متعدد مرتبہ رسول پاک ﷺ کی زیارت فیض بشارت سے مستفیض ہوئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ. کسی قمری مہینے کی پہلی جمعرات کو شام کے وقت پاک کپڑے پہن کر بعد از نماز عشاء دس ہزار مرتبہ درود شریف ان الفاظ میں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھ لیں اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ لیں (اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ. فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ. اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ) پھر درود شریف پڑھتے ہوئے جنوب کی

طرف پاؤں کر کے دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائیں انشاءاللہ پہلی مرتبہ یہ عمل کرنے سے حبیب کبریاﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

مقبولیت حاصل کرنے کیلئے

یَا عَزِیْزُ ایک لاکھ مرتبہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کر لیا جائے ہر صبح اسے چہرے پر مل لیا جائے تو انشاءاللہ وجاہت و مقبولیتِ تامہ نصیب ہوگی۔ بشرطیکہ بے عمل بے عقیدہ نہ ہو۔

حسب منشاء شادی کرنے کیلئے

چار نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے ۳۳۳ مرتبہ اول آخر درود شریف اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰہِ تا حصول مقصد پڑھنا ضروری ہے۔ بے حد اکسیر ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے۔ یا اللہ میرا فلاں کام فلاں جگہ کر دے اگر میرے دن و دنیا کے لئے مفید ہو تو اس جگہ کر دے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے انشاءاللہ چند دنوں میں کامیابی نصیب ہوگی۔

علم نصیب ہونے اور ذہن تیز ہونے کے لئے

ہر نماز کے بعد دعا کے آخر میں یہ کلمات پڑھا کریں۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ اور اگر صاحب ضرورت لاعلم ہے اس قدر دعا بھی یاد نہیں کر سکتا تو صرف یہ کلمات طیبات ہر نماز کے بعد دعا کے آخر میں پڑھا کریں۔ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ۔

کنواں کھودتے وقت اگر پانی نہ نکلتا ہو

وَ اِنَّ مِنْھَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْہُ الْمَآءُ بصورت مربع تعویذ لکھ کر سر پر باندھ دیں اور کھودنے کیلئے غوطہ لگائیں انشاءاللہ بہت جلد اتنا تیز نکلے کہ حیران رہ جاؤ گے۔

فتوحات غیبی از قسم مال و جاہ عزت و آبرو

انشاءاللہ تعالیٰ اس پر عمل کرنے والا کبھی بھی مالی طور پر محتاج نہ ہوگا غربت و افلاس ختم ہو جائے گی آپ حیران رہ جائیں گے جب ہر طرف سے آپ پر دنیا کی بارش ہونے لگے گی۔ وہاں

سے دنیا ملے گی جہاں سے امید بھی نہیں ہوگی۔ سورہ فاتحہ کا چلہ نکالا جائے بدیں صورت کہ ہر نماز کے بعد چالیس مرتبہ چار دن روزانہ پڑھے اس کے بعد خدا کے نام کی خیرات کرے طلبہ قرآن کو کھلائے اس کے بعد ہر نماز کے بعد روزانہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دس مرتبہ سورہ فاتحہ ولا الضالین (آمین) تک پڑھے پھر یہ دعا۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پڑھے انشاءاللہ مالی برکت سے مستفید ہوگا۔

تنگی رزق سے نجات کیلئے

از حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی (نور اللہ مرقدہ)

بعد از نماز عصر اول وآخر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں اکہتر ۷۱ بار اَللّٰهُ لَطِيْفٌ م بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِىُّ الْعَزِيْزُ ۔ پڑھ لیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ کبھی تنگی معاش پیش نہیں آئے گی۔

ہر مرض لاعلاج کیلئے تیر بہ ہدف

(از حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب خطیب مسجد نور ساہیوال)

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر روز پلایا جائے صرف ۲۱ یوم بفضلہٖ تعالیٰ آرام ہو جائے گا (میرے مجربات میں سے ہے)

برائے کمی دودھ گائے بھینس

یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں۔

پہلی آیت: وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ۔

دوسری آیت: وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا مِنْ م بَيْنِ فَرْثٍ وَّ دَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ دوسری آیت اگر آٹے کے پیڑے پر دم کر کے گائے بھینس کو کھلائیں۔ تو مفید رہے گا۔ اگر کسی عورت کا وضع حمل کے بعد سینے میں دودھ خشک ہو گیا تو بطریق مذکور استعمال سے انشاءاللہ دودھ میں برکت نصیب ہوگی۔

عملیات

مولانا حسین علی صاحبؒ واں بچھراں۔میانوالی

برائے ادائیگی قرض:

۷ بار سورۃ یٰسٓ شریف بعد از نماز عشاء برائے ادائیگی قرض اکسیر ہے۔انشاءاللہ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

نظر بد کو دور کرنے کیلئے عمل

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ. (پارہ ۲۹ ع ۴)

مندرجہ بالا آیات کو سات عدد سرخ مرچوں پر پڑھے۔ ہر مرچ پر سات مرتبہ مندرجہ بالا آیات پڑھے اور دم کرے۔بچہ کے اوپر سے وار کر آگ میں ڈال دیں۔انشاءاللہ تعالیٰ نظر اسی وقت دور ہو جائے گی۔اور مرچوں کے جلنے سے دھسک بالکل نہیں آئے گی بشرطیکہ بچہ کو نظر ہو۔ یہ عمل مجرب ہے۔

برائے کامیابی مقدمہ

پہلے دو رکعت نفل ادا کر کے سات ۷ بار دعائے حزب البحر مکمل آخر تک سات ۷ روز پڑھے۔انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی (صرف جائز مقدمہ کیلئے کرے)

برائے خواستگاری وقضائے حاجت

اول دو رکعت نماز نفل پڑھ کر حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کی روح پر فتوح کو بخشے پھر الحمد شریف مکمل آیت الکرسی اور سورہ یٰسین کو پڑھے اس کے بعد آیت لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ کو گیارہ سو ترپن (۱۱۵۳) مرتبہ پڑھ کر سجدہ کرے اور سجدہ میں دعائے حاجت مانگے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

سانپ کے زہر سے محفوظ رہنے کا عمل

سانپ کے کاٹے سے نجات کیلئے سورۃ فاتحہ آیہ الکرسی ،قل یاایھا الکافرون ، قل ھو اللہ احد، قل اعوز برب الفلق، قل اعوذ برب الناس۔ مکمل تین تین مرتبہ پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کریں اور سانپ کے کاٹے ہوئے مریض کو یہ نمک کھلائیں اور سانپ کے کاٹے کی جگہ (زخم) پر ملیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہوگی۔

پاگل کتے کے کاٹے کا علاج

سورۃ فاتحہ، قل یاایھا الکافرون، قل ھو اللہ احد ، قل اعوز برب الفلق، قل اعوذ برب الناس ،آخر تک پڑھ کر مریض پر دم کرے اور نمک لاہوری پر پڑھ کر مریض کو کھلائے انشاءاللہ صحت حاصل ہوگی۔

عملیات

حضرت خواجہ محمد عثمان صاحبؒ موسیٰ زئی شریف

برائے حفاظت جمیع آفات وبلیات:

سورۃ فاتحہ(آخر تک) آیۃ الکرسی، قل یاایھاالکافرون، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق قل اعوذ برب ا لناس، پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاءاللہ جملہ آفات وبلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔

برائے حفاظت کھیتی

مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر لکھیں اور مٹی کی ہنڈیا میں بند کر کے کھیت کے درمیان دفن کر دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا رَزَّاقُ الْعِبَادِ يَا خَلَّاقُ الْخَلَائِقِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَيَا مُنْبِتَ الذَّرْعِ فِي الْاَرْضِ وَالنَّبَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ هٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْهَوَآمِ وَالْوُحُوْشِ وَشَرَّ الْفَارَةِ وَالْخَنَازِيْرِ الْمُفْسِدَةِ وَارْزُقْنَارِزْقًاحَسَنًا وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

ہر قسم کی برکتوں کو حاصل کرنے اور ڈوبنے، جلنے اور چوری سے حفاظت

ان اسماء کو لکھ کر مکان میں لٹکا دیں یا سامان میں رکھ دیں دکان میں برکت ہوگی۔ اپنے بازو پر باندھے گا تو ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. الحی بحرمة يمليخا مكسلمينا ميتا مرتوش برنوش شاذ نوش مرطونس واسم كلهم قطمير.

حل مشکلات کے واسطے مجرب عمل

دو رکعت نماز نفل پڑھے جو سورہ چاہے پڑھے سجدہ میں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ چالیس مرتبہ پڑھے بعد سلام کے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہو گی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

حاکم کا دل نرم کرنے کا عمل

مندرجہ ذیل اسماء کو حاکم کے سامنے پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اسکا دل نرم ہوگا۔ وہ اسماء مندرجہ ذیل ہیں۔ يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْدُ.

حاکم کے مہربان ہونے کیلئے

تین روز تک یہ کلمات پانچ سو مرتبہ برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔ شرط یہ ہے کہ روزانہ غسل کرے چوتھے روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور جب حاکم یا افسر کے سامنے جانے کا ارادہ ہو تو ہتھیلی پر لکھ لے پھر حاکم کے پاس جائے اور اس کے سامنے پندرہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا۔ اور مہربانی سے پیش آئیگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ يَا رَحْمٰنُ كُلَّ شَيْءٍ وَّ رَاحِمَه.

مقدمہ میں کامیابی کیلئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کیلئے سات ۷ روز تک گیارہ ہزار ۱۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ مجرب اور اکسیر ہے۔ آیت یہ ہے اِيَّاكَ نَعْبُدُ

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ.

حاکم کو مطیع کرنے کا عمل

ان چار حروف کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر دم کرے اور اس ہاتھ سے حاکم کو سلام کرے اور فوراً مٹھی بند کر لے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مطیع اور فرمانبردار ہوگا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

ا۔ ی۔ س۔ م۔

لڑکی کے رشتہ کیلئے

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز کا پورا نہ ہو یا کسی جگہ سے کوئی رشتہ یا پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار ۱۱۰۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات کے دن سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے۔ وہ اسم یہ ہے۔ یَا مُعْطِیُ۔

حکام وسلاطین کو راضی رکھنے کیلئے

بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد عمل پڑھنے سے پہلے اور عمل پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا اور مقصد میں کامیابی ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرَ۔

چھوٹے بچہ کا رونا فوراً بند ہونے کا عمل

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو فوراً سکون ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوْا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَا الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمِ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامِ اُسْكُنْ بِعِزَّةِ اللّٰهِ اُسْكُنْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ اُسْكُنْ بِجَلَالِ اللّٰهِ.

ہر مقصد کے حصول اور ہر قسم کے غم وفکر سے چھٹکارا

جو شخص بعد نماز ظہر ہر روز سورہ نوح کی تلاوت کرے اسطرح کہ کبھی ناغہ نہ ہو وہ انشاء اللہ

تعالیٰ اپنے ہر مقصد میں کامیاب ہوگا اور ہر قسم کا غم وفکر دور ہوگا۔

برائے حفاظت

اللہ تعالیٰ کے نام "اللہ" کو جلی قلم (موٹے قلم) سے لکھے اور لفظ اللہ کے الف کو قینچی سے کتر کر الگ کرے اور جو کوئی مسافر ہو۔ اور باہر جاتا ہو وہ حرف الف کا اپنے بازو پر تعویذ بنا کر باندھے اور باقی لفظ "اللہ" اپنے گھر میں امانت رکھ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مسافر بخیر وعافیت اپنے گھر واپس آئے گا۔ اور راستے میں ہر قسم کے نقصان وحادثے سے محفوظ رہے گا۔

ہر غم وفکر سے نجات کا عمل

جو شخص یہ آیت کریمہ کثرت سے پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غم دور ہوگا اور جو شخص اسے دیکھے گا اسے دوست رکھے گا وہ آیت یہ ہے۔ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ۔

مرض کی تشخیص

سات تار (دھاگے) نیلے سوت کے لیکر مریض کے دائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی کے بالوں تک ناپ کر ایک مرتبہ درود شریف سات مرتبہ سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی اور سات ۷ مرتبہ ان اسماء کو پڑھ کر دم کرے۔ وہ اسماء درج ذیل ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. قیوشٍ .مقشٍ .زجماشٍ. میعاشٍ .شاقیشٍ. ماشٍ .ایوشٍ. بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔تھوڑی دیر کے بعد پھر دوبارہ ناپ کر دیکھے اگر ایک انگل کم ہو تو سایہ دیو ہے۔ دو انگل ہے تو آسیب ہے تین انگل ہو تو سحر اور چار انگل ہو تو تپ ہے اور برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔

پاگل کتے کے کاٹے کا علاج

جس کسی کو پاگل کتے نے کاٹ لیا ہو تو اسے چاہئے کہ چالیس روز تک روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر آیت ذیل لکھے اور ہر روز صبح کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ زہر اثر نہ کرے گا۔ تجربہ میں آچکا ہے مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔ اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ

اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا۔

برائے حاجت روائی

تحیۃ الوضو پڑھ کر "یَا لَطِیۡفُ" ایک سو ۱۰۰ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہو جائیگی۔

برائے حفظ قرآن پاک

نیچے لکھی ہوئی آیات کو ترتیب کے مطابق ایک پرچے پر لکھ کر نہار منہ نگل جائے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہو جائے گا۔ آیتوں کو ترتیب ذیل کے مطابق لکھے اور کھائے۔

پہلے اتوار کو — اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

دوسرے اتوار کو — اَللّٰهُ اَعۡلَمُ حَیۡثُ یَجۡعَلُ رِسَالَتَهٗ

تیسرے اتوار کو — اَللّٰهُ لَطِیۡفٌ بِعِبَادِهٖ

چوتھے اتوار کو — الٓمّٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ

پانچویں اتوار کو — يٰسٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ

چھٹے اتوار کو — طٰسٓمّٓ طٰسٓ الٓمّٓرٰ

ساتویں اتوار کو — صٓ قٓ نٓ اِنَّمَآ اَمۡرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ۔

بربادی دشمن ظالم کیلئے (حاجی سلیم اللہ سیلانی بجنوری)

اگر دشمن بہت ہی ظالم اور مکار ہو اور مخلوق خدا کو بلاوجہ ستاتا ہو تو کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے کہ اس کو برباد کرنا جائز ہے تو یَا قَهَّارُ اُقۡهُرۡهُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ بعد نماز مغرب ایک تاریک گوشہ (اندھیرے کونے) میں بیٹھ کر بلاناغہ اکتالیس ۴۱ روز پڑھے۔ اور دشمن کی صورت پڑھتے وقت دل میں یوں رکھے کہ وہ میرے سامنے تڑپ رہا ہے۔

نئے کپڑے کے پہننے کا عمل (مولانا قاضی محمد احسن صاحب)

سورۃ لیلۃ القدر چھتیس مرتبہ سورۃ اخلاص دس ۱۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نئے کپڑے پر

چھڑک کر اس کپڑے کو پہنے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام لوگوں کے سامنے باوقار اور باہیبت رہے گا اور وہ کپڑا عمدہ طریقہ سے اس کے پاس رہے گا اور کپڑا اجلدی پرانا نہ ہوگا۔ اور ہر شخص پہننے والے کی عزت کرے گا اور وہ کپڑا کبھی چوری نہ ہوگا۔

ختم خواجگان چشت (ہر مشکل مہم کیلئے)

باوضو قبلہ رو بیٹھ کر پہلے دس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد دوسو ساٹھ ۲۶۰ بار یہ دعا پڑھے۔ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۔ اس کے بعد دوسو ساٹھ مرتبہ سورۃ الم نشرح معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ آخر تک پڑھے اس کے بعد یہ دعا۔ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۔ دوسو ساٹھ ۲۶۰ بار پڑھے پھر دس مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی مراد مانگے۔

ختم خواجگان چشت کا دوسرا طریقہ (حل مشکل مشکلات کیلئے)

ہر مشکل اور اہم کام کے واسطے وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور دس مرتبہ درود شریف پڑھے پھر تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ یہ پڑھے۔ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ۔ پھر تین ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ "اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝"

پھر یہ دعا لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۔ تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ پڑھے۔ آخر میں دس بار درود شریف پڑھ کر اپنی مراد خدائے پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

جملہ پریشانیوں سے نجات کا عمل: (حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہ)

اِيَّاكَ نَعْبُدُ. وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. بِحَقِّ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ. تین تسبیح صبح وشام پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات سے نجات ملے گی۔ دشمن دفع ہوگا مقدمہ میں فتح حاصل ہوگی۔ قید

سے رہائی ملے گی۔ظالم کے پنجہ سے خلاصی ہوگی۔تنگ دست خوشحال ہوگا۔

حاجت روائی و پریشانی سے نجات کیلئے مجرب عمل

بعد نماز عشاء دو رکعت نماز حاجت کی نیت سے پڑھ کر بعد درود شریف پڑھ کر پڑھا جائے۔ ہر مرتبہ لفظ ظالمین پر اپنی حاجت روائی اور پریشانی سے نجات کا دھیان کیا جائے۔ بعد اس کے خوب الحاح وزاری کے ساتھ دعا کی جائے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) رات کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ پریشانی دور ہوگی اور ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔کلمات مندرجہ ذیل ہیں۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ.

ناجائز تعلقات سے نجات کا عمل

اگر کسی عورت کا خاوند غیر محرم عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو تو عورت کو چاہئے مندرجہ ذیل آیت شریفہ عروج ماہ (چڑھتے چاند) کی نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ درمیان میں ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس آیت کو شیرینی (میٹھی چیز) پر دم کر کے گیارہ دن تک مسلسل کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیر عورت سے تعلقات ختم ہو جائیں گے اور بیوی کی موافقت میں ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

قُلْ لَا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُو اللّٰهَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

عملیات

(شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ۔مرید وخلیفہ اکبر حضرت شیخ نظام الدین اولیاءؒ)

قضائے حاجت اور مشکل مہمات کیلئے:

قضائے حاجت اور کفایت مہمات کے لئے یہ چار رکعت نماز جس وقت فرصت ہو پڑھے البتہ شب جمعہ۔ (جمعرات کے بعد والی رات) بہتر ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ ایک بار اور سو۱۰۰ مرتبہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ. فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک بار اور سومرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار اور سو۱۰۰ مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ.

اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک بار اور سومرتبہ ۱۰۰ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ.

سلام پھیرنے کے بعد یہ آیت سومرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

مندرجہ بالا نماز جملہ مہم اور مشکل معاملات واہم حاجات میں تیر بہدف ہے انشاءاللہ کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگا۔

آیت الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ o

"اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ ہے۔ سنبھالنے والا ہے نہ اس کو کوئی اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند اسی کے مملوک ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر وہ چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو گھیر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور اس کی ذات عالیشان اور عظیم الشان ہے۔ ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنا بے حد منافع کا باعث ہے۔"

عملیات وتعویذات

(حضرت مولانا علیم اللہ مظاہری صاحبؒ)

برائے قضاء حاجت:

(۱) سورۃ یٰسین شریف اکتالیس ۴۱ مرتبہ جس مقصد کیلئے پڑھے گا انشاء اللہ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

(۲) دعائے ذیل کو لکھ کر دریا میں ڈالے اور ڈالتے وقت اپنی حاجت زبان سے کہے اور درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو جمعرات کے روز سے شروع کرے اور مسلسل سات دن تک یہ عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ.

(۳) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ. کو ایک ہزار چار سو انہتر (۱۴۶۹) مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مقصد پورا ہوگا۔

(۴) اگر کوئی حاجت درپیش ہے یا دشمن کا خوف مسلط ہے تو دعائے ذیل کو خلوص دل کے ساتھ کاغذ کے تین ٹکڑوں پر لکھ کر آب جاری میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت مقصد میں کامیابی ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَكْشِفَ عَنِّيْ هَمِّيْ وَحُزْنِيْ وَارْفَعْ غَمِّيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ.

(۵) ہر حاجت کے لئے بعد نماز فجر سو ۱۰۰ مرتبہ ان ناموں کو ترتیب ذیل کے ساتھ پڑھیگا انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا اور ایک ہفتہ میں اس کا اثر ظاہر ہوگا۔ اول و آخر درود شریف پڑھے۔ جب تک حاجت بر نہ آئے عمل کرتا رہے۔ وہ نام یہ ہیں:

۱۔ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	ہفتہ	سو۱۰۰مرتبہ
۲۔ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ	اتوار	سو۱۰۰مرتبہ
۳۔ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ	پیر	سو۱۰۰مرتبہ
۴۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	منگل	سو۱۰۰مرتبہ
۵۔ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	بدھ	سو۱۰۰مرتبہ
۶۔ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	جمعرات	سو۱۰۰مرتبہ
۷۔ یَا اللّٰہُ یَا ھُوَ	جمعہ	سو۱۰۰مرتبہ

(۶) دینی ودنیاوی مراد پوری ہونے کیلئے جمعہ کی نماز سے قبل اچھی طرح غسل کرے دھلے ہوئے یا نئے کپڑے پہنے۔ جب نماز جمعہ ادا کرلے تو کسی سے کوئی بات نہ کرے اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. ایک سو(۱۰۰) بار پڑھے پھر سر سجدہ میں رکھے ہر قسم کی دینی ودنیوی مراد جو مانگے گا انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

(۷) نماز حاجات

جمعہ کے دن چاشت کے وقت چار رکعت اس ترتیب سے پڑھے کہ ہر رکعت سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار، آیت الکرسی دس (۱۰) بار، قل یا یھا الکافرون دس (۱۰) بار، سورۃ اخلاص دس (۱۰) بار، قل اعوذ برب الفلق الخ دس (۱۰) بار، قل اعوذ برب الناس دس (۱۰) بار پڑھے جب سلام پھیرے ستر (۷۰) بار استغفار کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. ستر (۷۰) بار کہے اس نماز کے پڑھنے والے کو کبھی رزق کی تنگی نہیں ہوگی۔ ہر قسم کی دینی ودنیاوی عزت حاصل ہوگی۔

سانپ کیلئے خاص

معمولات حضرات نقشبندیہ رحم اللہ تعالٰی میں یہ اعلٰی چیز ہے جس کو خلافت دیتے ہیں۔ اس کو ہی اجازت دیتے ہیں۔ ہر کسی کو اجازت نہیں دیتے۔ درود شریف، فاتحہ شریف، آیت الکرسی، چہار قل، بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. کے ساتھ، درود شریف تمام سات سات بار پڑھ کر نمک پر دم کرے اور یہ بھی دم کرے۔

''الٰہی بحرمت دوست محمد قندھاریؒ الٰہی بحرمت شیخ عبدالقادر جیلانی صاحبؒ ''

سات سات بار پڑھ کر اسی نمک پر دم کرے۔ کاٹنے کی جگہ ملتا رہے اور اس نمک کو بہت چکھتا رہے اور کوئی جھاڑ پھونک اور دوا نہ کرے انشاء اللہ رحمت ہوگی اور باؤلے کتے کے کاٹے کیلئے بھی یہی چیزیں مفید ہیں مگر آیت الکرسی اس میں نہ ملا دے۔ اگر کسی جگہ سانپ رہتا ہو وہاں چھڑک دیں بھاگ جاوے گا انشاء اللہ تعالٰی۔ اسی طرح سورۃ والطارق کی اخیر آیت اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا۔ ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روز اس شخص کو کھلا دیں انشاء اللہ تعالٰی ہڑک نہ ہوگی۔ جس کو باؤلے کتے نے کاٹا ہے۔

سانپ یا بچھو کاٹ لے

آیت سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ سَلٰمٌ عَلٰى نُوۡحٍ فِى الۡعٰلَمِيۡنَ۔ اکتالیس ۴۱ بار نمک پر دم کریں نمک کو پانی میں گھول کر اس جگہ ملتے رہیں دیر تک۔ اور ساتھ ساتھ سورۃ فاتحہ اور معوذتین بھی پڑھتے رہیں۔

درد بچھو وبھڑ وغیرہ کیلئے

حٰمٓ ۚ عٓسٓقٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ۚ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيۡعُ ۝ ای درد کثر دم ومثلہ ارفع شو ورنہ اِنَّ بَطۡشَ رَبِّكَ لَشَدِيۡدٌ۔ پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ درد کی جگہ سے نیچے نیش کی جگہ کی طرف لاتا جاوے اور اوپر کی جگہ سے نیچے کو ہٹتا آوے تاکہ جس جگہ آکر درد رہ جائے تو لوہے کی

Qureshi Rw

چیز کے اشارے سے اس پر دم کرے اور ہٹا دے انشاء اللہ بفضلہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

پھوڑا پھنسی وغیرہ

آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ اکتالیس ۴۱ بار مٹی ملتانی پر اور مکھن پر دم کر دیوے۔ مکھن لگا کر اس پر مٹی پانی برگ نیم سے گاڑھی شدہ کو چند دن لگا ویں شفا ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ۔ اکتالیس بار اول آخر درود شریف ۳ بار ۳ بار پڑھ کر یہ کہے:

''ای ملا بیرونی و درونی خشک شو خدائے ما بزرگ است تو بزرگ مشور سول کریم ﷺ اذیں جا ہجرت کردہ است تو نیز و همبر وام ابر موا امر أفانا مبر مون۔ امر حق بشنو ۳ بار بخواند انشاء اللہ تعالیٰ دفع شود''

نظر بد سے حفاظت کا عمل (تجویز کردہ حضرت شیخ الاسلامؒ)

مندرجہ ذیل آیات سات عدد سرخ مرچوں پر سات سات مرتبہ پڑھ کر سات بار دم کر کے بچہ کے اوپر سے (وار کر یعنی سر کے چاروں طرف گھما کر) دہکتی ہوئی کوئلے کی آگ میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر اسی وقت دور ہو جائے گی۔ مرچوں کے جلنے سے دھسک دھانس اور چھینکیں وغیرہ بالکل نہیں آئیں گی بشرطیکہ بچہ کو نظر لگی ہو۔ مجرب ہے وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

نظر بد سے بچنے اور دفع ہونے کیلئے

معوذتین کی خاصیت:

تین سورتیں اخیر قرآن مجید کی تین بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ کر جس کو نظر بد لگی ہوئی ہے یا نظر بد لگنے کا خوف ہے اس پر دم کرتا رہے تین دن۔ اور جانور ہو تو اس پر دم بھی کرے اور گھاس وغیرہ پر دم کر کے کھلا دے۔ اگر نمک پر دم کر کے تین دن تک کھلاتا رہے تو بہتر ہے اور سحر و جادو کے دفع کے لئے بھی دم کر کے پانی پلاتے رہیں۔ اگر رات کو تین سورتیں پڑھ کر

اپنے اوپر دم کرے تو ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور جس مکان میں سوئے اور سوتے وقت پڑھے اس کے حوادثات سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگل میں جاوے اس کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے بدن تمام پر پھیر کر چھڑک دے تین بار ایسا کرے ہر بلا سے امن میں رہے گا۔ اگر حاکم کے پاس جاوے تو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر حاکم کی طرف بھی دم کرے اور اپنے پر بھی پھونک مارے اس کے رعب دہشت و خطرہ سے محفوظ رہے گا۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

تین بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کر لے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْ ءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

قلب کی ظاہری و باطنی صفائی کیلئے اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کیلئے

یہ الفاظ اسم اعظم کے ہیں اور اس کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اس کے بہت سے خواص و کمالات ہیں۔ بادشاہوں اور امراء کے دلوں کو قابو میں کر لیتا ہے اور لوگوں کے دلوں کی تسخیر ہوتی ہے چنانچہ ہر بات جو منہ سے نکلتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔ اس اسم اعظم کو بارہ ہزار ۱۲۰۰۰ مرتبہ ایک مجلس میں پڑھیں تمام مخلوقات مسخر اور فرمانبردار ہوگی اور چرند و پرند بھی مطیع ہوں گے۔ بعد از نماز عشاء اس کا پڑھنا بہتر ہے ورنہ جو وقت سہولت کے ساتھ میسر ہو جائے۔

الفاظ یہ ہیں۔ یَا اللّٰهُ یَا هُوَ

منقول از شیخ ربانی شیخ ابوالعباس برنیؒ اسم اعظم ہمیں است وقاری مستجاب الدعوات گردد و تعلیقہ آوردہ کہ خواص بسیار دارد اما در تسخیر قلوب سلاطین و امراء و تمام خلائق مجرب است چنانچہ ہرچہ گوید کسے از قول او عدول نہ کند و مقبول قلوب گردد و صفا ظاہر و باطن ۸ ی بمرتبہ رسد کہ اسم اعظم نشتباید کہ بارہ ہزار مرتبہ در یک مجلس بخوانند۔ جن و انس و حوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع او گردد۔

یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ. بخوانند بعد از نماز خفتن بہتر است والا ہر وقت۔

برائے قضائے حاجات

یہ دعا ۱۰۰ بار روز پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِیِّ الْکَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِااللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. بفضل الٰہی مراد برآئے۔

برائے حفاظت جان و مال

بوقت صبح پڑھے۔ آیت الکرسی، قل یاایھاالکافرون آخر تک قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ آخر تک قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیرے اور مال پر پھونک دے۔

جانوروں کی بیماری کے دفع کیلئے

اگر یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں:

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّ الْکُفْرُ بَاطِلٌ اس کو تین بار لکھ کر تعویذ بنادے اور الاسلام حق کے کلمہ کو چند بار لکھ دیں۔ ایک ایک روز پلاتے رہیں۔ اور عام بیماری جانوروں میں پڑھاوے تو یہ تعویذ لکھے۔ ''ہر چکہ کند خدا کند بندہ عاجز چہ کند'' اس کو تین بار لکھ کر تعویذ بناوے کسی جانور کے گلے میں لٹکا دے۔ یا ایسی جگہ باندھ دے کہ نیچے سے جانور گزرتے رہیں۔ رحمت ہوگی انشاءاللہ تعالیٰ۔

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ کی دعا

اَللّٰھُمَّ انْقُلْنِیْ مِنْ ذِلِّ مَعْصِیَتِکَ اِلٰی عِزِّ طَاعَتِکَ ''اے اللہ مجھے گناہوں کی رسوائی سے نکال کر اپنی اطاعت کی عزت کی طرف لیجا۔''

حضرت عبدالسلام بن مشیشؒ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنِکَ وَحُلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ غَیْرِکَ ''اے اللہ! مجھے اپنے پاس لے اور آپ رکھ لیں اور آپ ہی میرے اور تیرے غیر کے درمیان حائل ہو جا۔'' یعنی مجھے شاہی دربار میں حاضری دے اور غیر سے بچالے۔

دعا امام الحرمینؒ

اَللّٰھُمَّ لَا تَمۡنَعۡنِیۡ عَنۡ قُرۡبِکَ بِمَانِعٍ "اے اللہ! اپنے قرب سے مجھے نہ روک کسی روکنے والی چیز کے سبب۔"

تعویذ منقولہ از بزرگ کامل لعل معروف کرخیؒ

جب کوئی تعویذ لکھتے یہ لکھا کرتے "ہر چند کند خدا کند بندہ عاجز چہ کند و صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم" ہر چیز کیلئے یہی لکھ دیتے۔ایک بزرگ جب صبح کو اٹھتے تو یہ پڑھتے۔اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ لَمۡ یَخۡسِفۡنِیۡ فِی الۡاَرۡضِ وَلَمۡ یُغَیِّرۡ وَجۡھِیۡ فِیۡ صُوۡرَۃِ الۡخِنۡزِیۡرِ وَالۡکَلۡبِ. "اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے میرے گناہوں کے سبب مجھے زمین میں نہیں دھنسایا اور میرے منہ کو صورت خنزیر اور کتے میں نہیں بدلا۔"

حضرت علی خواصؒ سے دعا منقولہ

جب کوئی نعمت ملتی یا کوئی نیکی کرتے تو یہ دعا کرتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ لَا اَسۡتَحِقُّ ذَرَّۃً وَّاحِدَۃً مِّمَّا اَنۡعَمۡتَ بِہٖ عَلَیَّ. "اے اللہ میں کسی ایک ذرہ کا بھی مستحق نہیں ہوں جو کچھ تو نے مجھ پر نعمت کی ہے۔" (اس کے پڑھنے سے بڑے درجات حاصل ہوتے ہیں)

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ سے منقول ان کی دعا یہ ہے۔کَفٰی بِیۡ عِزًّا اَنۡتَ تَکُوۡنَ لِیۡ رَبًّا وَکَفٰی بِیۡ فَخۡرًا اَنۡ اَکُوۡنَ لَکَ عَبۡدًا اَنۡتَ لِیۡ کَمَا اُحِبُّ فَوَفِّقۡنِیۡ لِمَا تُحِبُّ۔

"مجھے یہ عزت کافی ہے کہ تو میرا رب ہے اور مجھے یہ فخر کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں۔تو میرا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے توفیق دے ان کاموں کی جو تو پسند فرماتا ہے۔"

ذکر شب و روز

(ہدایت کردہ قبلہ جناب مولنا علاؤ الدین صاحب پھلتیؒ)

۱۔ تسبیح فاطمہؓ ہر فرض نماز کے بعد

۲۔ ہر چہار کلمہ صبح و شام۔

۳۔ سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ ایک تسبیح صبح و شام۔

۴۔ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَالْجَدِّ مِنْکَ الْجَدِّ۔

۵۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَاءِ وَالْمَمَاتِ۔

حضرت مجدد الدین بغدادیؒ کی دعا

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیَّ اَتُوْبَ وَاعْصِمْنِیْ حَتّٰی لَا اَعُوْدَ وَحَبِّبْ اِلَیَّ الطَّاعَاتِ وَکَرِّہْ اِلَیَّ الْخَطِیْأٰتِ۔

''اے اللہ! مجھ پر رحمت سے رجوع کرتا کہ تائب ہو جاؤں اور بچا مجھ کوتا کہ گناہ کی طرف نہ پھروں اور اپنی بندگی کو میری طرف محبوب کر دے اور گناہوں کو مکروہ کر دے۔''

دوسری دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَقْوِیْ شَرَائِطِ التَّوْبَۃِ فَاغْفِرْلِیْ بِلَا شَرَائِطِ التَّوْبَۃِ۔

''اے اللہ میں شرائط توبہ پر قوی نہیں ہوں مجھے بخش دے دوائے شرائط توبہ کے۔''

تیسری دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اَنَّ مُطْعِمِیْ حَرَامٌ وَمَلْبَسِیْ حَرَامٌ وَمَشْرَبِیْ حَرَامٌ فَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِلَا شَرَائِطِ الْاِسْتِجَابَۃِ۔

''اے اللہ تو بے شک جانتا ہے کہ میری خوراک حرام ہے اور میری پوشاک حرام ہے اور میرا پینا ناجائز چیزوں سے ہے میری دعا قبول فرما شرائط قبولیت کے نہ ہوتے ہوئے بھی۔''

ختم نقشبندیہ

جو شخص اس ختم پڑھے گا خداوند تعالیٰ ایک ہزار حاجات اس کی روا فرمائے گا (یعنی ضرورت پوری ہوگی) سورۃ فاتحہ (الحمد شریف مکمل) بمعہ بسم اللہ شریف (یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

ساتھ) سات بار درود شریف، سو بار الم نشرح (پوری سورۃ) انہتر (۶۹) بار بمع بسم اللہ، سورۃ اخلاص بمعہ بسم اللہ شریف ایک ہزار ۱۰۰۰ بار۔ سورۃ فاتحہ بمع بسم اللہ شریف سات ۷ بار، درود شریف سو ۱۰۰ بار۔ ان سب کا ایصال ثواب مندرجہ ذیل بزرگان دین کو کرے۔ اس کے بعد دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

حضرت خواجہ بہاؤالدینؒ، حضرت خواجہ عبدالخالقؒ، حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ، حضرت خواجہ علیؒ، حضرت خواجہ عارف ابوبکرؒ، حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانیؒ، حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ۔

عمل برائے حاجات روائی

بروز ہفتہ (شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ
بروز اتوار (یکشنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
بروز پیر (دوشنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ
بروز منگل (سہ شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ
بروز بدھ (چہار شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
بروز جمعرات (پنج شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام
بروز جمعہ (جمعہ)	ایک ہزار مرتبہ	لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

عمل حب

اول آخر درود شریف تین تین بار لفظ یٰسین تین بار پڑھ کر ایک بار بحق صلی اللہ علیہ وسلم یٰسین والقرآن الحکیم (آخر تک) جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچے تو تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ ستر ۷۰ بار پڑھے پھر تین بار درود شریف پڑھے۔ اور دعا مانگے کہ یا اللہ فلاں بن فلاں کو میرا تابعدار بنادے اس کے دل میں میری محبت عطا کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مطیع و مسخر ہوگا۔

برائے محبت باہمی درمیان شوہر بیوی

مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر شربت، یا مالیدہ یا کسی بھی میٹھی چیز میں گھول کر پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو جائیگی وہ کلمات مندرجہ ذیل ہیں. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. الله كافي الله شافي الله حافظ۔

برائے حب

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ ۔۳۶۳ (تین سوتریسٹھ) بارگرہن (چاندگرہن یا سورج گرہن) یا شب قدر کے دن۔ سرمہ، عطر۔ شکر۔ نمک پر دم کر کے دیں اور بوقت ضرورت یا روزانہ بطور چلہ فجر یا عشاء میں پڑھ لیا کریں۔ انشاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

برائے حب شدید

مندرجہ ذیل کلمات کو لکھ کر جلا دے انشاءاللہ مفرور واپس آئے گا۔ اور محبوب کی محبت میں اضافہ ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ بسم الله الرحمن الرحيم. يا هو يا من هو يا من هو يا من هو يا من لا اله الا هو بحق هاروت و ماروت بحق سليمان بن دائودؑ واصف بن بوخيا كه درعشق و محبت فلاں بن فلاں سگودان شده بيايد العجل العجل العجل الساعة۔

سانپ کے کاٹے کا تیر بہدف علاج

کیسا ہی کالا سانپ کسی کو کاٹ لے بفضل اللہ تعالیٰ سانپ کے کاٹنے سے بالکل نہیں مرے گا۔ اس آیت کو اکیاسی مرتبہ پہلی رات محرم سے دسویں رات محرم تک چاند دھائی دینے کے بعد جو رات آئے گی وہ پہلی رات ہے۔ اور ۹ محرم کے بعد جو رات آئے گی وہ دس محرم کی رات ہے روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے۔

ہر دفعہ پڑھ لینے کے بعد اپنے داہنے (سیدھے) ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک لیا کرے۔ اس طرح اس عمل کا اثر ایک سال تک رہے گا (آئندہ محرم) جب کوئی شخص جس کو سانپ نے کاٹا ہو

(مرد ہو خواہ عورت خواہ بچہ) خود آئے یا اس مریض کا کوئی آدمی خبر لے کر آئے تو فوراً اس ہاتھ سے جس پر پھونکیں ماری تھیں۔ اس کے منہ پر ایک تھپڑ مارے بفضل خدا اسی وقت بیمار اچھا ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی وَلِیُبْلِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْہُ بَلَآءً حَسَنًا اسی طرح ہر سال دس رات (عشرہ محرم میں) یہ آیت پڑھ لیا کرے ہر سال اس کا عمل کرنے سے ایک سال تک عمل رہے گا جس سال نہ پڑھے عمل کا اثر جاتا رہے گا۔ جب تھپڑ مارے تو اس شخص کو چاہیے وہ مریض ہو یا خبر لانے والا اسے یہ معلوم نہ ہو کہ عامل تھپڑ مارے گا۔

چوری کی ہوئی چیز کی دستیابی اور چور کی گرفتاری

گمشدہ یا چوری چیز کی واپسی کیلئے سورۃ والضحیٰ (پوری سورت) کو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے سر کے چاروں طرف پھرائے۔ اس کے بعد اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔ سات مرتبہ پڑھ کر دستک دے یعنی ہاتھ پر ہاتھ مارے تو گیا ہوا مال واپس مل جائے گا۔

سانپ' بچھو اور کھنکھجورہ

اس آیت شریفہ کے پڑھنے سے حشرات الارض کی تکلیفوں سے محفوظ رہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ ط مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌم بِنَاصِیَتِھَا ط اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ.

چور اور چوری کا مال واپس منگوانا

ایک مشک خالی کر کے اس کے اوپر آیت الکرسی اور یہ سات نام انبیاء لکھے اور ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیت الکرسی کے بعد یہ پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَا اَرْسَلْتَ ھٰذَا اَنْ تُنْفِخَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقِ کَمَا نَفَخْتَ ھٰذِہِ الْقِرْبَۃَ.

جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیں۔ چور کا پیٹ انشاء اللہ

تعالیٰ بہت سخت پھول جائے گا۔ اور چرایا ہوا مال واپس لے کر آئے گا۔ انبیاءؑ کے نام یہ ہیں۔ نوحؑ، لوطؑ، صالحؑ، ابراھیمؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ محمد صلی اللہ علیہ وسلم علیہم اجمعین۔

دشمنوں کے دفع کرنے اور ان کے نقصان رسانی سے محفوظ رہنے کیلئے۔

ہر وقت وضو اور بلا وضو بلا تعداد اور بلا کسی شرط وغیرہ کے اس دعا کو مستقل بلا ناغہ ہر وقت چلتے پھرتے۔ اٹھتے بیٹھتے۔ لیٹے ہوئے پڑھتا رہے۔ البتہ نماز میں نہ پڑھے۔ اور دشمن کا تصور کر کے پڑھے۔ اور دشمنوں کے سینہ پر پتھر مارے۔ پہلی مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ.

حصار قادریہ

صبح وشام سات سات بار پڑھ کر عامل اپنے اوپر دم کر لیا کرے وہ الفاظ یہ ہیں۔ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ.

حکایت بزرگ کامل وتعویذ

ایک بزرگ تھے جب کوئی ان سے دعا منگواتا یا تعویذ لکھواتا تو یہ کہتے اور تعویذ میں بھی یہی لکھتے۔ اَللّٰهُمَّ لَاتُعَذِّبْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذُنُوْبِیْ . ''اے اللہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے گناہوں کے باعث عذاب نہ دے۔''

پوشیدہ بات معلوم کرنا

دو رکعت بعد نماز عشاء وقبل وتر اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص آخر تک پڑھے اور نماز کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ دعا پڑھے۔ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ، یَا بَشِیْرُ اَبْشِرْنِیْ، یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ، یَا مُبِیْنُ بَیِّنِیْ، یَا اَحَدُ اِهْدِنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

برائے فتوحات

برائے فتوحات گیارہ (۱۱۰۰) سومرتبہ بعد نماز عشاء سُبْحَانَکَ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْکَافِیُ۔

دعائے حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ کَمَا کُنْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

''اے اللہ! میرے لئے ایسا مہربان ہو جا جیسے حضرت محمد ﷺ کیساتھ مہربان تھا۔''

غلبہ نیند کے دفعیہ کیلئے دعا

نیند کم ہونے کیلئے یہ دعا پڑھے۔اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَیْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ

''اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں ایسی آنکھ سے کہ سیر نہ ہو نیند سے۔''

پختہ عقیدہ کرنے کیلئے بہترین دعا

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ سے منقول ہے جو یہ دعا نماز کے بعد پڑھتا رہے گا اس کا عقیدہ پختہ رہے گا۔''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْحِیْدًا لَا یَشُوْبُہٗ ضِدٌّ وَیَقِیْنًا لَا یُخَالِطُہٗ شَکٌّ''

''اے اللہ آپ سے سوال کرتا ہوں ایسی توحید کا جس کے خلاف کی ملاوٹ نہ ہو اور ایسے یقین کا جس میں شک نہ کرے۔''

سفر کے حوادثات کیلئے دعا

جو چاہے کہ تمام سواریوں ریل موٹر وغیرہ کے حوادثات سے بچے تو وہ یہ دعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

''پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے کام میں لایا اس سواری کو اور نہ تھے ہم اس پر طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف رب کے جانیوالے ہیں'' اور پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ کُنْ لَنَا صَاحِبًا فِیْ سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَا۔

انشاءاللہ تمام حوادث سے محفوظ رہے گا۔

دیگر مختصر نسخہ محبت الٰہی

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حَرَکَاتِیْ وَمَاسَکَنَاتِیْ کُلِّھَا فِیْ مُحَبَّتِکَ وَتَقْوَاکَ۔

"اے اللہ! میرے ہر چلنے پھرنے اور آرام کو اپنی محبت کیلئے اور اپنے قانون پر عمل کرنے کیلئے۔"

سات بار صبح وشام اول، آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

مقدمہ میں فتح پانے کا نسخہ

یہ شعر صبح وشام یک صد ۱۰۰ ایک بار اول آخر درود شریف ۳،۳ بار پڑھا کرے۔

تعالیٰ اللہ زہے قیوم ودانا — توانائی وہ ہرنا توانا

مقدمہ بھی فتح ہوگا دشمن بھی ردہوں گے اور پڑھنے والے کو غلبہ بھی رہے گا۔

فالج وجذام ونابینا پن وعمی سے نجات کی دعا

کتاب ترغیب وترہیب میں ہے جب نماز صبح کی پڑھ لے تو تین بار کہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ بفضلہ تعالیٰ فالج عمی یعنی اندھے ہونے سے اور جذام سے محفوظ رہے گا۔

غم وسختی دور کرنے کیلئے نسخہ مجرب

اگر غم وفکر میں پریشان ہے اور حیرت وقلق میں ہے تو یہ دعا پڑھے۔"لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ"

ہر رات یک صد وگیارہ ۱۱۱ بار اول آخر درود شریف ہفت ہفت ۷ بار پڑھے۔ یہ دعائے معظم قیدی کیلئے بھی اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی محبت کیلئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس ۴۱ بار اول آخر درود شریف ۳ بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسکو اپنی محبت کے طریق آسان فرمادے گا۔ "یَـا حَیُّ یَـا قَیُّوْمُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ

اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مُحَبَّتِکَ وَمَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ "

"اے ہمیشہ سے زندہ رہنے والا اے تمام دنیا کے حافظ، رازق سوائے تیرے کوئی معبود نہیں۔ آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی محبت اور معرفت کے نور سے زندہ فرما دے۔"

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کی موجب ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور قرآن مجید کی تلاوت اور معنی کا تدبر و تفکر زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور تفکر اللہ تعالیٰ کی خلقت میں اور اپنے وجود کے حالات میں غلبہ محبت کا موجب ہے۔

ثواب عظیم اور وسیع حاصل کرنے کا طریقہ

اگر چاہتا ہے کہ ہر مومن جوان وعورت کی گنتی کی مقدار ثواب ملے تو یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۔ یک صد ۱۰۰، اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے تو تمام مومنین کے برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔

وہ دعائیں متبرکہ کہ جو صالحین سے منقول ہیں

حضرت علیؓ کی دعا: حضرت علیؓ سے یہ دعا منقول ہے "اَللّٰھُمَّ احْمِلْنِیْ عَلٰی عَفْوِکَ وَلَا تَحْمِلْنِیْ عَلٰی عَدْلِکَ :" اے اللہ میرے ساتھ معاملہ عفو کا فرمائیں اور عدل وانصاف کا نہ کریں۔"

ایمان کی سلامتی کیلئے دعا

اگر یہ دعا ہر نماز کے بعد تین ۳ بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھتا رہے تو مرتے دم اور قبر تک ایمان سلامت رہے۔ "یَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَاَھْلِہٖ ثَبِّتْنِیْ بِہٖ حَتّٰی اَلْقَاکَ"۔

ہر بلا و مصیبت کیلئے امن وامان کی دعا

جو شخص یہ دعا پڑھتا رہے تو ہر بلا و دکھ سے امن وامان میں رہے گا۔

"اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ہر نماز کے بعد سات ۷ بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

خط یا قاصد آئے تو پڑھنے یا پوچھنے سے پہلے یہ پڑھے

جب کوئی خط یا قاصد آئے تو پہلے یہ پڑھ لے عافیت سے رہے گا۔ اَعُوْذُ بِکَ اَللّٰھُمَّ مِنْ طَارِقٍ لَا یَطْرُقُنَا اِلَّا بِخَیْرٍ "پناہ لیتا ہوں تیرے ساتھ اے اللہ! ہر آنے والے سے جب آئے اس کے شر سے اگر آئے لائے خیر کو۔"

صبح کو یہ دعا پڑھے

اگر فجر کی نماز سے پہلے یا پیچھے یہ دعا پڑھ لے تو اس نے تمام دن کا شکریہ کرلیا اور اچھے کاموں سے موافق رہے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ فَلَکَ الْمُلْکُ وَلَکَ الْحَمْدُ

اسی طرح شام کو پڑھ لے تو گویا تمام رات کا شکریہ کرلیا مگر صبح کی جگہ امسیٰ پڑھے۔

صبح و شام کی مختصر دعا

بڑے فائدے والی اور عذاب سے بچنے کیلئے ہے۔ اگر فرض نماز فجر اور فرض مغرب کے سلام کے بعد سات بار "اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ پڑھے تو اگر اس دن یا اس رات میں اس پر موت آگئی تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

ہر ملاقاتی سے خیر آنے کیلئے وظیفہ

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس دن اس کے ساتھ ملاقات کرے گا اس کے حق میں خیر ہوگا۔ اَللّٰھُمَّ اَنَّ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْنَا فِی ھٰذَا الْیَوْمِ اِنْ کَانَ خَیْرًا فِی حَقِّنَا فَاَدْخِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِیْ حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ۔ "اے اللہ! جو بھی ہم پر آئے اس دن میں اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر ہے تو آئے اور اگر اس کا آنا ہمارے لئے برا ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے۔"

ناگوار آدمی کے اٹھانے کا وظیفہ

اگر کوئی مجلس میں، ناگوار آدمی آجائے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ "تَذْرُوْہُ الرِّیَاحُ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا"

غیبت سے حفاظت کا نسخہ

حضرت شیخ محمد تھانویؒ فرماتے ہیں۔ اگر شروع مجلس میں "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ تین بار پڑھے تو غیبت سے محفوظ رہے گا۔

دفع غم اور قیدی کیلئے رہائی پانے کیلئے

دفع غم اور رہائی پانے کیلئے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۵۷۵ بار اول آخر درود شریف سات سات پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ تمام غم کافور ہو جائے گا۔ اور قید سے نجات ملے گی بشرطیکہ بلا جرم قید ہوا ہو۔ اور اگر اتنا پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو ۳۱۳ بار پڑھے۔

رجعت عمل

صوفی باعمل حضرت صوفی محمد یار صاحب مقیم رانہ واہن کا فرمان ہے کہ بعض اوقات بصری کوتاہیوں کی وجہ سے کسی عمل میں رجعت ہو جاتی ہے اس کے سفعیہ کیلئے یہ آیت مبارکہ۔ "سُبْحَانَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ٥ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ"۔ ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر مل لیں مجرب ہے۔

برائے مغلوبی دشمن

بعد نماز بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سورۃ مزمل شریف ۲۱ بار رائی کے دانوں پر دم کر کے جلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوں گے۔

ضمیمہ

نماز حصول صحت:

مجمع النوادر میں درج ہے کہ بعد نماز مغرب ایک دوگانہ نفل بہ نیت حصول صحت بطریق ذیل ادا کرنا حد درجہ نافع ہے۔

رکعت اول میں بعد از سورۃ فاتحہ، سورہ اخلاص تین مرتبہ اور آیت کریمہ : لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْـتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ایک بار پڑھا جائے اسی طرح دوسری رکعت میں پڑھا جائے۔ بعد از فراغت از نماز نہایت عجز و انکساری سے دعا کرے۔

زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفظ ماتقدم کی تدابیر

۱۔ فرمودہ و مجربہ حضرت مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ العالی سورہ اخلاص ایک سو ۱۰۰ بار روزانہ پڑھنے والے کو سانپ نہیں کاٹے گا۔ اگر کاٹ بھی لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

۲۔ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ، کا ورد اکثر و بیشتر کرنے والا حشرات الارض کے ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

۳۔ سالم نمک کی ڈلی بوزن پاؤ نصف پاؤ لے کر وضو کی حالت میں پہلے پانچ ۵ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر پوری سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ اس طرح پڑھیں کہ۔ بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. یعنی رحیم کا میم اور الحمد کا لام ملا کر پڑھنا ہے۔ ۴۱ بار نمک پر دم کریں پھر سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص اور آخری دو سورتیں یعنی چاروں قل پڑھ کر دم کریں۔ خیال رہے کہ دم کرتے وقت تھوڑی تھوڑی تھوک بھی نمک پر پڑے اس نمک کو محفوظ رکھا جائے۔ یہ ڈلی سگ گزیدہ اور مار گزیدہ (یعنی کتے اور سانپ کے کاٹے ہوئے کو ضرورت پڑنے پر ایک طرف سے چٹائیں اور دوسری طرف سے زخم پر ملتے رہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مریض کو شفا ہوگی۔

عملیات و تعویذات مولانا محمد عبداللہ بھلویؒ

ان چیزوں میں سے کہ ان کے پڑھنے سے تمام دن عافیت رہے اور مصیبت سے بچے صبح سویرے اگر تین بار پڑھ لیا تو تمام دن آرام و عافیت سے رہے گا۔ اور اگر شام کو پڑھ لیا تو ساری رات امن و امان میں گزرے گی۔ بِسْمِ اللّٰـهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ ”پناہ لیتا ہوں نام اس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی ذکر کرنے نام اس کے کوئی چیز زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا۔“ اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لے بہتر ہے۔

فائدہ: جو چیز اس رسالہ میں پیش خدمت ہوگی اس کے اول و آخر درود شریف پڑھنا تین تین بار

ایک ایک بار بہتر وافضل ہے اور زیادہ مقبولیت اور تاثیر کے موجب ہے۔ اسی طور اگر یہ صبح یا شام کو پڑھ لے تو ساری رات اور سارا دن امان میں رہے گا۔ نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا ہر شر جن وانس ودوآب وغیرہ سے امن وامان رہے گا۔ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کلموں کے ساتھ اور اتری ہوئی کتابوں کے کہ پوری اور کامل ہیں نقصان اور برائی اس چیز سے کہ پیدا کی ہے۔''

تین بار صبح اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف تین تین بار۔ اسی طرح پر آیت الکرسی تین بار ومعوذتین چار بار، اور سورۃ المومن فی اول آیت اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ تک پڑھنا۔ اور سورۃ الانعام کی اول تین آیتیں اور سورہ حشر کی تین آیتیں آخیرہ پڑھنے سے جیسے حفاظت من الافات کا فائدہ ہے ویسے فرشتوں کی دعا وثواب آخرت کا بھی فائدہ ہے۔

گناہوں کی مغفرت کیلئے دعا

ہر نماز کے بعد ہفت ۷ بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھتا رہے گناہ معاف ہوں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔ ''اللهم اغفرلی ذنوبی وخطئی وعمدی''

مغفرت کیلئے اعلیٰ نسخہ

حضور ﷺ سے عرض کے گیا کہ مختصر کلمات عطا فرماویں تو فرمایا۔ ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ دس ۱۰ بار سُبْحَانَ اللّٰهِ دس ۱۰ بار۔ ان دونوں میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے لئے ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ دس ۱۰ بار اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ یہ تیرے لئے ہیں اور میں نے بخش دیا۔ اگر درود شریف اس کے اول آخر ہو ایک ایک بار تو بہتر ہے۔

دعا حضرت احمد بن حنبلؒ کی

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وَجْهِيْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَيْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذِلِّ السُّوَالِ لِغَيْرِكَ۔ ''اے اللہ جیسے تو نے میرے منہ کو غیر کے سجدے سے محفوظ رکھا اسی طرح غیر سے سوال کرنے کی ذلت سے بھی محفوظ فرما۔''

عافیت کیلئے دعا

حضرت حاجی امداد اللہؒ مہاجر مکی سے منقول ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَتَحَمَّلُ عَلٰی نِعْمَةِ الْمَرَضِ فَاَبْدِلْہُ بِنِعْمَةِ الْعَافِیَة ''اے اللہ! میں نعمت مرض کی برداشت نہیں کر سکتا اس کے بدلے نعمت عافیت کی دے۔ بیمار پڑھتا رہے عافیت ہو جائے۔ اور عافیت والا پڑھے دکھ سے محفوظ رہے گا۔ نیز اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ'' ہر نماز کے بعد تین بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

باؤلے کتے کا زہر

۱۔ باؤلے کتے کے کاٹے پر سورۃ الطارق تین بار پڑھ کر متاثرہ مقام پر دم کریں۔

۲۔ کتے کے کاٹے ہوئے مریض پر سورۃ الحاقہ روزانہ پانی پر دم کر کے سات ۷ یوم تک پلائیں۔

۳۔ مندرجہ ذیل آیات روٹی کے ایک ٹکڑا پر لکھ کر کھلائیں اور چالیس یوم تک یہ عمل کریں روزانہ لکھ کر کھلاتے رہیں۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔

(۴) ایک ٹکڑا بانات سرخ لے کر اس پر یہی آیات لکھیں اور گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

۴۔ درود شریف اور بسم اللہ پڑھ کر سورہ قریش گیارہ مرتبہ ورد کریں پھر یہ الفاظ کہیں۔

''الٰہی! بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ بحکم خدا بہ برکت رسول ﷺ ایں اثر سگ دیوانہ گم شد''

اور نمک پر دم کر دیں۔ مریض کو یہی نمک گیارہ مرتبہ تک خوراک میں استعمال کرائیں۔

سانپ کا ڈنگ

۱۔ سانپ کا زہر دور کرنے کیلئے یہ آیت اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا۔ ہاتھ میں کوئی شاخ کسی پودے یا درخت کی شاخ لے کر اس پر دم کر کے ڈنک کی جگہ پر اوپر سے

نیچے تک جھاڑیں ۔یعنی اوپر کے مقام سے پھیرتے آئیں اور نیچے لے جا کر جھٹک دیں۔

۲۔ سانپ کے ڈنک کے لئے سورۃ لقمان ایک مرتبہ آب باراں پر دم کر کے مسلسل چھ روز تک پلائیں۔

۳۔ سانپ کے ڈسنے سے کلمہ طیبہ ایک سو گیارہ ۱۱۱ بار پڑھ کر تین یوم دم کریں۔

شہد کی مکھی

ا۔شہد کی مکھی کے ڈنک کے لئے درود شریف نماز والا سات بار پڑھ کر دم کریں پھر اس عمل کو تین بار دہرائیں۔

بھڑ اور بچھو کے کاٹے کا علاج

ا۔ حضرت شید شمس الحق صاحب مقیم صادق آباد کا ارشاد ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک بزرگ سے دوران ملاقات یہ عطیہ عطا ہوا کہ بھڑ اور بچھو کے کاٹنے پر صرف تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے جائیں اور مقام ڈنگ پر انگلی پھیرتے جائیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

۲۔ بچھو کے ڈنگ پر ایک سانس میں ۷ سات بار اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا۔ پڑھ کر دم کریں اور تین بار یہی عمل دہرائیں۔

۳۔ بچھو اور زنبور (بھڑ) کے ڈنک کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک مرتبہ اور درود شریف ایک بار پڑھ کر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔

ادائے قرض کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

’’اے اللہ! حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفالت فرما اور اپنے فضل کے ذریعہ تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔‘‘

جب کسی مریض کی عیادت کرے تو اس سے یوں کہے

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔ (مشکوٰۃ)

''کچھ حرج نہیں انشاءاللہ یہ بیماری تم کو گناہوں سے پاک کردے گی۔''

سفر سے واپسی کی دعا

اَوْ بًا اَوْبًا لِرَآبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا۔ (حصن)

''میں واپس آیا ہوں واپس آیا ہوں اپنے رب کے سامنے ایسی توبہ کرتا ہوں جو اپنے اوپر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔''

جب دشمنوں کا خوف ہو تو پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔ (ابوداؤد)

''اے اللہ! ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں (تعریف کرنے والا) بناتے ہیں اوران کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔''

اگر بازار میں کچھ بیچنا یا خریدنا ہو تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ أَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً۔ (حصن)

''میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس بازار کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسمیں کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا اٹھاؤں۔'' پھر بازار سے واپس آ کر دس آیتیں قرآن شریف کی کہیں سے پڑھے۔

جب کھانا شروع کرے تو پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ۔

''میں نے اللہ کے نام سے اور اس کی برکت سے کھانا شروع کیا۔''

اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے تو یہ دعا پڑھے۔ ''بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ'' میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

فائدہ: جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے تو شیطان کو اس کے ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔

جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

'' سب تعریف اس خدا کیلئے ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔''

جب بازار میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ خود زندہ ہے اسے موت نہ آئے گی اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

بازار میں اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے اور دس لاکھ گناہ معاف فرما دیں گے اور دس لاکھ درجے بلند فرما دیں گے اور اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنا دیں گے۔

فرض نماز کا سلام پھیر کر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیَ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے اور تین بار استغفر اللہ کہے۔

جب اذان کی آواز سنے تو یہ دعا پڑھے

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ

وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا۔

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، میں اللہ کو رب ماننے پر اور محمد ﷺ کو رسول ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر راضی ہوں۔''

حدیث شریف میں ہے کہ اذان کی آواز سن کر یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔(مسلم)

اور حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص مؤذن کا جواب دے اس کے لئے جنت ہے۔(حصن)

لہٰذا مؤذن کا جواب دے یعنی جو مؤذن کہے وہی کہتا جائے۔البتہ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے۔

اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

''اے اللہ! اے اس دعوت کامل کے رب! اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ عطا فرما اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود تک پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔'' اس دعا کے پڑھ لینے سے رسول ﷺ کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

فائدہ: جو کلمات اذان کے جواب میں کہے وہی اقامت کے جواب میں کہے اور جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ سنے تو کہے اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا (اللہ اس نماز کو قائم اور ہمیشہ رکھے)

تسخیر عام کیلئے

يَا عَزِيْزُ يَا لَطِيْفُ (۲۲۳) مرتبہ اپنے نام کے اعداد ملا کر پڑھے ایک ہفتہ سے اثر ظاہر ہونا شروع ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ لوگ مسخر ہوں گے۔

اہل خانہ اور تسخیر عام کیلئے

اِنَّ رَبَّکَ یَعۡلَمُ اَنَّکَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰی مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ مَعَکَ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ۔

اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھے۔ مخلوق خدا مہربان ہو اور اگر اس آیت کو اکتالیس ۴۱ بار شیرینی پر دم کر کے کھلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بے انتہا محبت ہو گی۔

برائے عداوت

پوری سورۃ القارعۃ ۹۰ بار بوقت زوال اخیر ماہ میں مرد کے سیدھے پیر کی مٹی اور عورت کی بائیں پیر کی مٹی لیکر پڑھے اور چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

برائے بیماری دشمن

بروز اتوار یا منگل پرانی قبر کی اکتالیس کنکریاں لے کر اسی جگہ پڑھے اور ان کو لا کر گھڑے یا کنوئیں میں جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو ڈال دے وقت ٹھیک بارہ بجے کا ہو۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مَلِکِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ اِلٰهِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ نَاسُ نَاسُ اَلَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ نَاسُ نَاسُ۔

شوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے

شیرینی پر دم کر کے کھلائے۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہو گی۔

هُوَ الَّذِیۡۤ اَیَّدَکَ بِنَصۡرِهٖ وَبِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَاَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیۡنَهُمۡ اِنَّهٗ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ۔

برائے زبان بندی دشمن

اتوار یا جمعرات کے روز دو چھوٹی چھوٹی مٹی کی کلھیا پاک وصاف باوضو بازار سے خرید لائے

اور قیمت دیتے وقت اپنے دل میں یہ کہے کہ یا اللہ میرے دشمن کی زبان بند کر دو دونوں کلھیا میں اپنے گھر کے چولہے کی راکھ بھر کر کسی صندوق میں یا کسی اونچی طاق میں پوشیدہ رکھے جہاں کسی آدمی کا سایہ نہ پڑتا ہو۔اور رکھتے وقت یہ پڑھے۔ صُمٌّ صُمٌّ صُمٌّ بُکْمٌ بُکْمٌ بُکْمٌ زبان فلاں بن فلاں دشمن کی بند کر دے تصدق علی مرتضیٰ شیر خدا سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ زبان دشمن کی بند ہوگی۔ جب کام ہو جاوے تو راکھ نکا کر دریا میں ڈال دے اور شکر سے دو کلھیا بھر کر چھوٹے معصوم بچوں کو تقسیم کرے۔

جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

حضور ﷺ پر درود بھیج کر یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

یا صرف یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

''اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔''

جب مسجد میں داخل ہو

پہلے حضور ﷺ پر درود وسلام بھیج کر یہ دعا پڑھے:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔(ترمذی)

''اے رب! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

یا صرف یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔

''اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

''اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''

درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

''اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور ان کی آل پر جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی ابراھیمؑ اور ان کی اولاد پر۔ بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر جیسا کہ برکت نازل فرمائی تو نے ابراھیمؑ اور ان کی آل پر بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔''

سورہ الم نشرح

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙO وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙO الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۙO وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۜO فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا O اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۜO فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ O وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۧO

''کیا نہ کھول دیا ہم نے واسطے تیرے سینہ تیرا اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے بوجھ تیرا جس نے توڑی تھی پیٹھ تیری اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا پس تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے پس جب فارغ ہو تو پس محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف اپنے رب کی پس رغبت کر۔'' ہر مقصد کیلئے اس سورۃ کا پڑھنا انتہائی مجرب ہے۔ (حضرت تھانوی و حضرت لاہوری قدس سرہما)

کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔"

اس کلمہ سے کافر مسلمان ہوتا ہے اور جس کی اس پر موت واقع ہو وہ جنتی ہے۔ میت کو ستر ۷۰ بار پڑھ کر ایصال ثواب کرنا گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے۔

تنگدستی اور قرض کیلئے

مندرجہ ذیل عمل ہمیشہ جاری رکھیں۔ بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یا وھاب چودہ سو مرتبہ پڑھ کر یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔

يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

اول آخر تین مرتبہ درود شریف ہو۔

قیامت کی رسوائی سے حفاظت کا ورد

قیامت کی رسوائی سے بچنے کیلئے سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران کی تلاوت کیا کرو۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قرآن مجید پڑھا کر یہ پڑھنے والوں کیلئے قیامت کے دن سفارشی بن کر آئے گا۔

زہراوین (دو تیز نور) پڑھا کر یعنی سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران قیامت کے دن دونوں ابر کی طرح سایہ بن کر یا دو سائے یا قطار باندھے پرندوں کے دو گروہ بن کر آئیں گے اور پڑھنے والوں کی طرف سے محبت بن جائیں گی (وکالت و سفارش کریں گی) ان کی پابندی کرنا برکت ہے اور ان کا چھوڑنا حسرت ہے اور لغو لوگ اس کے پڑھنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔

دعائے خضری

ہر دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کیلئے مجرب ہے۔ پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں۔

ا۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

۲۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰهُ

۳۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ مَا كَانَ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ

۴۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اس کے بعد دعا کرے۔

نمبرا۔ پڑھے تو دل میں خیال کرے کہ یا اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوں

نمبر۲-۳ پڑھے تو خیال کرے کہ میں بے بس ہوں تمام ضروریات کا انتظام آپ ہی کریں گے

نمبر۴۔ پڑھے تو یہ دھیان رکھے کہ اے اللہ میں نے سب کچھ آپ کے حوالے کر دیا ہے اب کوئی پریشانی نہیں۔

اسم اعظم

ہر دعا قبول ہونے کیلئے پہلے اسم اعظم پڑھے اور پھر دعا کرے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر یہ کہے۔اَللّٰـهُ وَاحِدٌ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ایک بار يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ کہے اور پھر تین بار کہے وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ ایک بار يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کہے۔پھر تین بار کہے كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ایک بار کہے يَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

پھر ایک بار یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

اس کے بعد رزق کی فراخی۔امتحان کی کامیابی،عزت و جرات پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کیلئے جو چاہے دعا کرے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے۔

حب رسول اللہ کیلئے خاص ورد

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں جناب رسول ﷺ کی محبت پیدا ہو تو صبح و شام سات

سات بار یہ تین عمل پڑھا کرے۔

۱۔ سات بار سورۃ الکوثر۔

۲۔ سات بار درود شریف۔

۳۔ سات بار سورۃ الضحیٰ۔

حضور علیہ وسلم صلی اللہ کی زیارت کا خاص ورد

خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے مجرب ورد جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے، خوشبو لگائے اور بعد نماز عشاء دو نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھے۔ تین جمعرات کے اندر زیارت ہوگی۔ درود قادریہ آسان رہے گا وہ پڑھ لے درود قادریہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ.

قرب الٰہی حاصل کرنے کیلئے ورد

اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے خاص ورد ہے صبح و شام سات سات بار تین سورتیں پڑھا کرے۔

۱۔ سورۃ الفاتحہ سات بار صبح و شام۔

۲۔ سورۃ اخلاص سات بار صبح و شام۔

۳۔ سورۃ الانشراح سات بار صبح و شام۔

شیطانی وسوسے سے حفاظت کا ورد

شیطانی وسوسے سے حفاظت کیلئے نماز سے پہلے یا کسی بھی نیک کام سے پہلے اور دعا سے پہلے اور ذکر اللہ کرنے سے پہلے تین بار پڑھنا مجرب عمل ہے اس طرح تقریر وعظ سے پہلے بھی پڑھ لے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔

انابت الی اللہ کے اوراد

اگر اللہ تعالیٰ کی طرف دل مائل نہ ہو تو انابت الی اللہ پیدا کرنے کیلئے یہ ورد پڑھیں اور توجہ

سے پڑھیں۔سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ سُبْحَانَ مَنْ یَّسْمَعُ کَلَامِیْ سُبْحَانَ مَنْ یَّذْکُرُنِیْ وَلَا یَنْسَانِیْ''

''پاک ہے وہ ذات جو مجھے دیکھ رہا ہے پاک ہے وہ ذات جو میری بات سن رہا ہے، پاک ہے وہ ذات جو مجھے یاد رکھتا ہے اور مجھے بھلاتا نہیں''

انابت الی اللہ پیدا کرنے کیلئے روزانہ ایک سو ۱۰۰ بار توجہ سے پڑھیں۔

یَا ھُوَ یَا مَنْ لَّا ھُوَ اِلَّا ھُوَ۔

انابت الی اللہ پیدا کرنے کے لئے توجہ سے پڑھیں تو انشاءاللہ خوب اثر ہوگا۔

اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ۔

''اللہ میرے پاس موجود ہے اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اللہ میرا مددگار ہے اللہ میرے ساتھ ہے۔''

سخت مشکل میں خاص ورد

سخت مشکل کیلئے روزانہ یہ ورد سات سو ۷۰۰ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْءَ۔

اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔

غفلت کا علاج

غفلت دور کرنے کیلئے اور آخرت کی طرف دھیان کرنے اور موت کا خیال ہر وقت رکھنے کیلئے سورۃ ق ایک دفعہ صبح وشام پڑھے اور ایسا کرنے سے چونکہ موت کا خیال زیادہ شدید ہو جائے گا اس لئے اطمینان والی کیفیت پیدا کرنے کیلئے اس کے بعد سورۃ الانشراح بھی سات بار پڑھ لے۔

حل مشکلات کا ورد

حل مشکلات کیلئے روزانہ کم از کم سات سو بار سات دن تک پڑھیں یہ ادنیٰ درجہ ہے۔

'یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع

اول آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔اس سے زیادہ بار بھی ہے۔اور بارہ ہزار روزانہ بارہ روز تک بھی ہے۔

ہر مشکل اور ہر حاجت کیلئے

جب بھی دعا کرو تو ایک بار یہ شعر پڑھ لو

یَامَنْ یُّجِیْبُ دُعَآءَ الْمُضْطَرِّ فِی الظُّلَمِ یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَ الْبَلْوٰی مَعَ السَّقَمِ۔

''اے وہ ذات جو پریشان حال کی دعا اندھیروں میں سنتا ہے اے دکھوں اور آفتوں کو کھولنے والے اور اس کے ساتھ ساتھ بیماریوں کو ہٹانے والے۔''

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمُؤْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَۃٌ۔

''اے ہر تکلیف کے وقت میرے پروردگار،اور ہر دعا کو قبول کرنے والے،اور ہر وحشت کے وقت میرے انیس،اور ہر سختی کے وقت میری پناہ گاہ اور جب حیلے کٹ جائیں اس وقت میری امید۔''

ہر تکلیف سے حفاظت کیلئے نماز

حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جو شخص دو رکعت نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں تسبیحات (سبحان ابی الاعلیٰ) کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے وہ ہر قسم کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

فَقِیْرُکَ بِفَنَائِکَ وَعُبَیْدُکَ بِفَنَائِکَ وَسَائِلُکَ بِفَنَائِکَ۔

''تیرا محتاج تیرے در پر ہے اور تیرا بندہ تیرے در پر ہے اور تیرا بھکاری تیرے در پر ہے۔''

ہر مصیبت دور کرنے کیلئے

ہر قسم کے مصائب کے دفعیہ کیلئے مندرجہ ذیل کلام کا ہر نماز کے بعد سو ۱۰۰ دفعہ پڑھنا مجرب ہے۔''رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ''

ہر حاجت ورزق کیلئے سورۃ یٰسین کا خاص ورد

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر چیز کا دل ہوتا ہے اور جو قرآن کا دل یٰسین پڑھے گا اس کی اسی ضروریات پوری ہوں گی اور ادنےٰ ضرورت فقر اور محتاجی کی ہے۔ قضائے حاجات کیلئے نماز جمعہ کے بعد روبقبلہ ہو کر سورۃ یٰسین تین تین بار اس طریق پر پڑھے کہ پہلے مبین پر پہنچے تو سورۃ اخلاص تین بار پڑھے۔ دوسرے مبین پر پہنچے تو سورۃ کوثر تین بار پڑھے۔ تیسرے مبین پر پہنچے تو سورۃ الانشراح تین بار پڑھے چوتھے مبین پر پہنچے تو سورہ الفاتحہ تین بار پڑھے۔ پانچویں مبین پر پہنچے تو آیت الکرسی تین بار پڑھے چھٹے مبین پر پہنچے تو یہ دعا تین بار پڑھے۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

اور ساتویں مبین پر پہنچے تو تین بار درود شریف پڑھے اور یہ دعا سات بار کرے

اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ رِزْقِىْ وُسْعَةً لَا اَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ۔

اور پھر سورۃ مکمل کرے۔

مصیبت پر صبر کیلئے خاص ورد

اگر کسی عزیز کے فوت ہونے پر غم زیادہ ہو تو دل کو صبر دلانے کے لئے یہ آیات تین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے دل پر صبح وشام پھیر لیا کرے۔

۱۔ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ۔

۲۔ سورۃ انشراح مکمل۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ۝ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

۳۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔

سورۃ اخلاص

قل هوا الله احد .الله الصمد .لم يلد. ولم يولد. ولم يكن له كفوا

احد۔
"کہہ اے محمد! وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے نہیں جنا اس نے اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے واسطے اس کے برابری کرنے والا کوئی۔"
حدیث شریف میں ہے جس نے یہ سورۃ پڑھی اسے ایک تہائی قرآن کا ثواب ملے گا۔

معوذتین

قل اعوذ برب الفلق. من شر ماخلق. ومن شر غاسق اذا وقب.ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد۔
"کہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار صبح کے برائی اس شیز گی سے کہ پیدا کیا ہے اور برائی اندھیرا کرنے والی کی سے جس وقت چھپ جائے اور برائی پھونکنے والوں سے بیچ گرہوں کے اور برائی حسد کرنے والے سے جب حسد کرے۔"

سورۃ الناس

قل اعوز برب الناس. ملک الناس اله الناس .من شر الوسواس الخناس. الذی یوسوس فی صدور الناس. من الجنة والناس.
"کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے بادشاہ لوگوں کے معبود لوگوں کے برائی وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی سی وہ جو وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں کے جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔"
سفلی اعمال جادو وغیرہ کے توڑ کیلئے موثر ترین نسخہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی شفا کیلئے نازل فرمایا ہے۔

حصول مغفرت کیلئے قرآن مجید کی دعائیں

قرآن مجید کی دعائیں باقی تمام دعاؤں سے افضل ہیں اسلئے کہ دعا بھی ہیں۔اور تلاوت قرآن مجید بھی ہے۔اگر مغفرت چاہے کہ اللہ تعالیٰ گناہ معاف کردے تو حضرت آدمؑ کی دعا پڑھا کرے۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔

''اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو البتہ ہم ضرور خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔''

اس کی تعداد مقرر نہیں فرمائی۔ ایک سو بار روزانہ پڑھ لے تو بہتر ہے اول آخر تین بار درود شریف پڑھے۔

ہر مشکل اور حاجت کیلئے

ہر مشکل اور حاجت کیلئے ایک خاص درود یہ ہے۔ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں یَا رَحْمٰنُ اَغِثْنِیْ۔ اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھے۔

شادی کرنے اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرانے کا خواہش مند ہو اور چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

ہر مصیبت اور ہر حاجت کا مجرب ورد

ہر مصیبت اور ہر حاجت کیلئے مجرب دعا وہ ہے جو حضرت یونسؑ کی تھی۔ جناب رسول ﷺ نے فرمایا حضرت ذوالنونؑ کی دعا جب انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں اپنے رب تعالیٰ کو پکارا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ایک مسلمان اس کے ساتھ جو بھی دعا کرے وہ قبول ہو گی۔

دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں حاصل کرنے کیلئے دعا

دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

''اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔''

استغفار کا فائدہ اور الفاظ

ایک مختصر استغفار کثرت رزق اور ہر غم کو دور کرنے اور ہر حاجت کیلئے کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ۔

''اے رب بخش دے اور رحم کر بیشک تو تمام رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔''

اس دعا میں استغفار بھی ہے اور تلاوت قرآن مجید بھی ہے۔

کلمہ طیبہ کے فضائل

تلاوت قرآن مجید کے بعد سب سے افضل ذکر لَا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰہ ہے۔ یہ ورد اس طرح پڑھے کہ لا الہ الا اللہ پڑھتا رہے۔ جب سانس اکھڑے تو ایک بار محمد رسول اللہ کہہ دے پھر لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰـہ شروع کردے ایک ۱۰۰ بار روزانہ پڑھے۔ اور پھر آہستہ آہستہ روزانہ ایک ہزار ۱۰۰۰ بار تک پڑھا کرے۔

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے افضل ذکر لَا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰہ ہے اور سب سے افضل دعا الحمد اللہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھا کرو ایمان تازہ کیا کرو (یعنی کثرت سے پڑھا کرو۔)

ہر مقصد اور حفاظت کیلئے

دینی اور دنیاوی ہر مقصد حاصل کرنے اور جان و مال وعزت کی حفاظت کیلئے اور دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے یہ ورد نہایت مجرب ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ م بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَـمَّتْهُـمْ اَنْـفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِـنَ الْاَمْرِ مِنْ شَىْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّالَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَـقُـوْلُـوْنَ لَـوْ كَـانَ لَـنَا مِنَ الْاَمْرِ شَىْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِىْ

بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِی صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِی قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

جب قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ پر پہنچے تو دل میں اپنے مقصد کا خیال رکھے علم میں اضافہ یا شادی یا حج یا ذہانت کا جو چاہے خیال کرے یہ بہت ہی مجرب ورد ہے۔

تمام حاجات کیلئے خاص ورد

حضرت فاطمہ الزہراؓ کی دعا صبح کی نماز کے بعد تیس بار پڑھیں۔ اول آخر تین دفعہ درود شریف کا انتظام کریں جمیع حاجات کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ کلام مبارک یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ وَلَا اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ طُرْفَةَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهٗ۔

آفات سے حفاظت کیلئے

ہر قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت کیلئے درود تنجینا روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے تحفظ حاصل ہو گا۔ درود تنجینا اور تنجینا (بغیر تشدید اور تشدیک کے ساتھ) دونوں طرح درست ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔

گم شدہ بچہ یا کھوئی ہوئی چیز کا واپس ملنا

سورۃ ضحیٰ سات ۷ مرتبہ پڑھیں پھر اپنے اوپر انگشت شہادت پھیریں اور سات ۷ مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہیں۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ

وَاَصْبَحْتَ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

پھر دستک دیں (تالی) بجائیں یا دروازہ کھٹکھٹائیں ہر صبح وشام یہ عمل اس وقت تک کرنا ہے جب تک گمشدہ نہ مل جائے اور اسی طرح کھوئی ہوئی چیز واپس نہ مل جائے۔ سورۃ ضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَالضُّحٰی .وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی. مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی. وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی. وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی. اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی. وَوَجَدَکَ ضَآ لًا فَهَدٰی. وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی. فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ. وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ. وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ.

گم شدہ لڑکی یا چیز کی بازیابی کیلئے

اگر کوئی بچہ گم ہو گیا ہو یا لڑکی گھر سے فرار ہو گئی ہو یا کوئی چیز کھو گئی ہو تو مندرجہ ذیل کلمات سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز اور بچہ مل جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَمْسَیْتَ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتَ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

تمام حاجات کیلئے

جو شخص سات ۷ بار صبح اور سات ۷ بار شام کو یہ دعا پڑھے گا اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کیلئے

فجر کے فرض اور سنت کے درمیان چالیس ۴۰ دفعہ سورۃ فاتحہ۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں۔

اس عمل کو ہمیشہ کرنے کی برکت سے ہر قسم کی مشکلات خواہ روزی اور رزق کی۔ یا اعزہ و اقرباء کے ستانے کی ہوں حل ہوتی رہیں گی مگر اس کو برابر کرتے رہیں خلل نہ پڑے۔ اگر ممکن ہو تو

اخیر رات میں ورنہ بعد از مغرب یا بعد از عشاء اور اگر رات میں ممکن نہ ہو تو دن ہی میں ایسے وقت میں کہ نوافل جائز ہوں۔

چار رکعت بہ نیت دفع مصائب نازلہ وقضاء حاجت ومشکلات پڑھیں۔ اول رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے یہ آیت ایک سو ۱۰۰ بار پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے یہ آیت ایک سو ۱۰۰ بار پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

اور تیسری رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ یہ آیت ایک سو ۱۰۰ بار پڑھے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ م بِالْعِبَادِ۔

اور چوتھی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو ۱۰۰ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

پھر دفع مشکلات و (تکمیل) ارادہ کیلئے دل سے دعا بحضور قلب مانگا کریں۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں۔ ۱۰۰ کا عدد گننے کیلئے تسبیح لے سکتے ہیں۔ ہاتھ باندھے نماز میں شمار کر سکیں گے۔

تکلیف تنفس (سانس کے مرض) کیلئے

یَا حَمِیْدُ روزانہ ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۃ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سانس کے مرض سے افاقہ ہوگا۔ سورۃ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. مَلِکِ النَّاسِ. اِلٰهِ النَّاسِ. مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ. الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ.

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کیلئے اور فقروفاقہ سے نجات کیلئے

روزانہ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد باوضوسورہ قریش مع بسم اللہ ایک سوایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔سورۃ قریش مع بسم اللہ یہ ہے۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ .فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۔ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ۔حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

دشمنوں کے شر سے حفاظت کا ورد

جو شخص فجر کی نماز کے بعد سات ۷ مرتبہ پڑھے گا دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا۔تجربہ کر کے دیکھئے۔دعا یہ ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْقَوِيُّ لِمَنْ م بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ الشَّدِيْدُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کیلئے

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کیلئے یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ مُجْرِيَ السَّحَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ هَازِمَ الْاَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ۔

دشمن کی زبان بندی اور اس کے مقابلہ میں فتح

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے اور دشمنوں کے مقابلہ میں فتح حاصل کرنے کیلئے سات سات بار یہ دعا پڑھے۔

۱۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔

۲۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔

واسطے زبان بندی

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں یا کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کیلئے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جاوے دیکھتے ہی مہربان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بزبانش عصائے کلیم اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بحقِ یَا رَحْمٰنُ، یَا رَحْمٰنُ، یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ، یَا رَحِیْمُ، یَا رَحِیْمُ، صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔

دشمن کا سر نیچا کرنے کیلئے

شروع میں ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. پڑھ لے پھر چلتے پھرتے پڑھے۔ دشمن ایک ہو یا زیادہ سب کا تصور (خیال) کر کے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب کے غرور کا سر جھک جائے گا اور ذلیل و پست ہو جائیں گے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَاخَافِضُ کمر پست دشمن کے تئیں
تانہ ہور ہزن مری راہ میں کہیں۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

دشمن کے سامنے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر اس کے منہ کے سامنے پھونکے اور پھر اس کے سامنے جائے تو دشمن مہربانی سے پیش آئے گا اور دشمن مغلوب ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. تَعَذَّرْتُ بِرَبِّ الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَمِیَتِ الْاَبْصَارُ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

ظالم دشمن پر ہیبت طاری کرنا

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس ۵۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. پڑھے اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اس ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔

دشمنوں کی نظروں سے چھپ جانا

ریت بہت سی جمع کر کے اس پر بیٹھ جائے اور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. پڑھ کر یہ آیت پڑھے۔ وَجَعَلۡنَا مِنۡ م بَیۡنِ اَیۡدِیۡھِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِھِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنَا ھُمۡ فَھُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ۔ اس کے بعد یہ الفاظ کہے۔

''اے موکلو پکڑلو آنکھوں کی بینائی کو اور داخل کرو اندھیروں کے دریاؤں میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ۔'' یہ پڑھ کر خاموش ہو رہے اور کسی سے بات نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے اور دشمن کو بالکل نظر نہ آئے گا۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِنَا الۡخَفِیُّ یَا لِلُّطۡفِ الۡخَفِیِّ فَاِنَّ مَنۡ اَخۡفَیۡتَہٗ بِخَفِیِّ لُطۡفِکَ فَقَدۡ خَفِیَ۔

''میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر چھپالے کیونکہ جس کو تو نے اپنی پوشیدہ مہربانی میں چھپالیا بیشک وہ چھپ گیا۔''

پھر اس کے بعد اٹھ کر جہاں چاہے جائے سب سے پوشید رہے گا۔ جب کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر جاتی رہے گی۔

ہلاکت اعداء کیلئے

طلوع شمس کے وقت میں تیسری تاریخ کو ساعت مریخ میں دو رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ فیل ۲۵ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب ۲۵ مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں پڑ کر کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سر کھول کر اس اسم مبارک کو تیرہ ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ (روزانہ تیرہ ہزار مرتبہ پڑھے)

حضرت محدث کا ارشاد ہے کہ نہ ساعت مذکور کی خلاف ورزی کی جائے اور نہ ناحق طور پر اسے استعمال کیا جائے ورنہ نکلا ہوا تیر بے خطا اگر غلط لگ گیا تو نقصان شدید ہوگا۔ خواہ معمول کو یا عامل کو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

برائے زبان بندی

سورۃ الم نشرح بغیر بسم اللہ کے ایک سو اکیس بار پڑھے اور دانہ گندم پر دم کرے اور مرغیوں کو کھلاوے۔ سورج نکلنے سے قبل پڑھے اور ختم کرے۔

خوف حاکم کیلئے

جو شخص کسی صاحب حکومت سے ڈرے اس کو چاہئے یوں کہے

کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ۔

اور چاہیے کہ داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے لفظ اول کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اور بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو قبض کرے لفظ ثانی کے حرف کے نزدیک پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کئے چلا جائے پھر دونوں کو کھول دے اس کے سامنے جس سے ڈرتا ہے۔

برائے دفع دشمن

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) اکتالیس بار بعد مغرب پڑھے۔ انشاء اللہ کامیاب ہو۔

استخارہ:

ھُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمٖ۔

بعد نماز تہجد تین سو بار گیارہ روز تک پڑھے۔ اگر اس عرصہ میں مطلب حاصل نہ ہو۔ تو اور گیارہ روز تک پڑھے اگر نماز تہجد نہ ہو سکے تو بعد عشاء پڑھے۔ اگر جنگ و پریشانی خواب میں دیکھے پڑھتا رہے اور اگر پانی اور مچھلی وغیرہ دیکھے علامت کشائش ہے۔

برائے دفع دشمن

مٹی کے ڈھیلے پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اور یہ تصور کرے کہ دشمن سامنے موجود ہے اور دشمن کی خیالی صورت پر ڈھیلہ مارے یہ عمل ہر روز کرے یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی رحمت سے دشمن دفع ہو جائے گا دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

برائے عداوت مجرب

سورۃ تبت بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ کے نمک و سرسوں و موئے (بال) دونوں کے لیکر اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے اور ہر چیز پر علیحدہ علیحدہ پڑھے اور ہر بار دونوں کا نام لے۔ جن میں عداوت کافی ہو عداوت جانی ہو جائے گی ۔لیکن اس عمل میں شرط یہ ہے جہاں شریعت کی روح سے جائز ہو کرے ناجائز کام کے سلسلہ میں کرے گا تو خود بڑا نقصان اٹھائے گا۔ ناجائز دشمنی کرانے میں اسے استعمال نہ کرے۔

جمیع امراض و بلیات و آفات کا دفعیہ

۱۔ فرمودہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ سورۃ یٰسین کو مبیوں کے معروف طریقے کے مطابق اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پر سات بار سورہ فاتحہ پڑھی جائے۔ اس طرح انچاس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھی جائے گی اور مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل تمام بیماریوں اور مہمات کو کافی ہے۔

برائے بغض و عداوت

نوٹ: بغض و عداوت میں اتنی دشمنی اور عداوت ہی جائز ہے جس کی شریعت نے اجازت دی ہے۔ بلا وجہ دشمنی و عداوت یا ہلاکت کا عمل کرنا بہت سخت گناہ اور دنیا و آخرت میں تباہی کا باعث ہے۔ انتہائی مجبوری میں یہ عمل جائز ہے ایسے عمل کرنے سے قبل کسی شریعت کے پابند عالم سے مشورہ کرلے۔

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے اور پریشانی سے نجات کا عمل

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔کو معہ بسم اللہ کے بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ بار اول آخر درود شریف پڑھ کر ورد کریں۔ ۴۱ شب مسلسل پڑھیں اور اپنی حاجت اور پریشانی سے نجات کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا اور ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کیلئے

(حکیم عبدالوہاب انصاریؒ)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کر کے سورہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس ۲۱ بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کر کے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کر کے اٹھ جائے اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع دشمن

جو شخص ہمیشہ اس دعا کو درمیان فرض وسنت فجر دس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور کاغذ پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو کوئی دشمن اس پر غالب نہ آوے۔ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْكَافِیْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ عَدُوِّیْ هُوَ اَقْوٰی مِنْهُ اِنَّا كَفَیْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِیْنَ اَللّٰهُمَّ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے اور مقصد میں کامیابی کیلئے

ہر نماز کے بعد یَا حَفِیْظُ یَا عَزِیْزُ اکیس بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخالفین مغلوب وذلیل ہوں گے اور سب تعلق والے مظفر ومنصور ہوں گے۔

فرمودات استاذ الکبیر سید حسین احمد مدنی قدس سرہ

نوٹ: درج ذیل اوراد کی حضرت درخواستی مدظلہ العالی کی طرف سے بھی اجازت عام ہے۔ میں آپ کو مندرجہ ذیل عمل بتاتا ہوں اس پر آپ مداومت کریں انشاء اللہ ہر قسم کی مشکلات خواہ روزی اور رزق کی ہوں یا اعزہ واقربا کے ستانے کی ہوں حل ہوتی رہیں گی۔ مگر اس کو برابر کرتے رہیں خلل نہ پڑے۔ اگر ممکن ہو تو اخیر رات میں ورنہ بعد نماز مغرب یا بعد از عشاء اور اگر رات کو ممکن نہ ہو تو دن ہی میں ایسے وقت میں جب نوافل جائز ہوں یہ عمل کریں۔

چار رکعت بہ نیت رفع مصائب نازلہ وقضاء حاجت ومشکلات پڑھیں۔ اول رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ۔

لَآ اِلٰــهَ اِلَّآ اَنْـتَ سُبْـحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَالَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ سومرتبہ

اوردوسری رکعت میں بعداز فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ ایک سوبار۔ اورتیسری رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ۔ "وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ‌م بِالْعِبَادِ۔" سومرتبہ۔ اور چوتھی رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ سومرتبہ پڑھیں۔ اورسلام پھیرنے کے بعد سومرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر دفع مشکلات وتکمیل ارادہ کے لئے دل سے دعا بحضور قلب مانگا کریں انشاءاللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں گے۔ سوکا عدد گننے کیلئے تسبیح ہاتھ میں لے سکتے ہیں۔

درود تُنَجِّیْنَا

آفات سے حفاظت کیلئے یہ درودروزانہ ستر مرتبہ پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔"

دشمن کوزیر کرنے کا عمل

مندرجہ ذیل آیت۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰی بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ۔

کوسہ شنبہ (منگل کے دن) زوال منقلب کریں۔ دوسرے ایک نئے لوہے کے ٹکڑے (تین

